Roll No. | | | | | | |

Answer Sheet No. ____________

Sig. of Candidate: ________________

Sig. of Invigilator: ________________

# اُردو (لازمی) ایچ ایس ایس سی-I

## حصہ اوّل (کُل نمبر: 20)

25منٹ

ت: حصہ اوّل لازمی ہے اور صفحات 2-1 پر مشتمل ہے۔ اس کے جوابات پرچے پر ہی دیے جائیں گے۔ اس کو پہلے پچیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کر دیا جائے۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

**سوال نمبر۱:** دیے گئے الفاظ یعنی الف / ب / ج / د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

(i) ''کبھی اے نوجواں مُسلم ________ بھی کیا تُو نے''

الف۔ تدبُّر　　ب۔ فکر

ج۔ شُکر　　د۔ ذکر

(ii) بینک میں ملازمت کے لیے پرکاش کو کتنے روپوں کی ضرورت تھی؟

الف۔ نو ہزار　　ب۔ دس ہزار

ج۔ گیارہ ہزار　　د۔ بارہ ہزار

(iii) سنہ کے مصنّف کون ہیں؟

الف۔ مشتاق احمد یوسفی　　ب۔ پریم چند

ج۔ غلام عباس　　د۔ مرزا غالبؔ

(iv) ''تین پانچ کرنا'' کیا ہے؟

الف۔ محاورہ　　ب۔ گفتگو

ج۔ روزمرّہ　　د۔ ضرب المثل

(v) خلاصہ اصل عبارت کا تقریباً ________ ہوتا ہے۔

الف۔ ایک تہائی　　ب۔ ایک چوتھائی

ج۔ دوگنا　　د۔ دو تہائی

(vi) کس شاعر نے اپنی شاعری میں عوامی بولی اور عوامی انداز اختیار کیا؟

الف۔ نظیرؔ اکبرآبادی　　ب۔ سیّد محمد جعفری

ج۔ حفیظؔ جالندھری　　د۔ اکبر الہ آبادی

(vii) محاورہ کن معنوں میں استعمال ہوتا ہے؟

الف۔ مجازی　　ب۔ حقیقی

ج۔ اصطلاحی　　د۔ لفظی

(viii) 'بس چڑیا کی کہانی' میں انڈا کیسے پھسل گیا؟

الف۔ ہوا سے　　ب۔ پنجے کی نوک سے

ج۔ گھونسلا ہلنے سے　　د۔ پَر لگنے سے

(ix) آتشؔ نے ''غم و غصّہ'' اور ''رنج و اندوہ'' کو کیا کہا ہے؟

الف۔ دشمن　　ب۔ دوست

ج۔ مہربان　　د۔ نامہرباں

(x) ''اثر اس کو ذرا نہیں ہوتا'' میں ''اُس'' سے کیا مراد ہے؟

الف۔ انگریز حکمران　　ب۔ محبوب

ج۔ رقیب　　د۔ بھائی

StudentBounty.com

www.StudentBounty.com

یہاں کچھ نہ لکھا جائے

---

(xi) کس شاعر نے اپنے آپ کو ''شاعرِ رنگیں نوا'' کہا ہے؟

الف۔ احمد ندیم قاسمی ب۔ حسرت موہانی
ج۔ خواجہ حیدر علی آتش د۔ فیض احمد فیض

(xii) ''استعارہ'' میں لفظ کے حقیقی اور مجازی معنوں میں کیا تعلق ہوتا ہے؟

الف۔ محاورے کا ب۔ تشبیہ کا
ج۔ روزمرہ کا د۔ معنوں کا

(xiii) شاعر نے یورپ میں کیا دیکھا؟ (بحوالہ نظم ___ 'خطاب بہ جوانانِ اسلام)

الف۔ کتابیں ب۔ رسالے
ج۔ خطاطی کے نمونے د۔ مجسمے

(xiv) نظم ' بنجارانامہ ' کے شاعر کا نام کیا ہے؟

الف۔ نظیر اکبرآبادی ب۔ اکبرالہ آبادی
ج۔ خواجہ حیدر علی آتش د۔ مومن خاں مومن

(xv) میر ببر علی انیس ________ شاعر تھے۔

الف۔ مرثیے کے ب۔ حمد کے
ج۔ غزل کے د۔ قصیدے کے

(xvi) منعم کے لغوی معنی ________ ہیں۔

الف۔ دولت مند ب۔ انعام و اکرام
ج۔ انعام پانے والا د۔ سخی بادشاہ

(xvii) ''رسید'' کے لغوی معنی ________ ہیں۔

الف۔ پہنچنا ب۔ بھیجنا
ج۔ دینا د۔ وصول کرنا

(xviii) درج ذیل میں سے کیا ''رسید'' کے آخر میں لکھا جاتا ہے؟

الف۔ العبد ب۔ العارض
ج۔ نوازش د۔ شکریہ

(xix) سبق 'مرحوم کی یاد میں' میں مرحوم سے کیا مراد ہے؟

الف۔ بائیسیکل ب۔ خود مصنف
ج۔ مرزا صاحب د۔ مستری

(xx) ایک مکمل غزل میں کم از کم ایک ________ ضرور ہوتا ہے۔

الف۔ مقطع ب۔ تلمیح
ج۔ محاورہ د۔ مطلع

---

برائے ممتحن: کُل نمبر : 20 حاصل کردہ نمبر:



www.StudentBounty.com

# اُردو (لازمی) ایچ ایس ایس سی-I

وقت: 2:35 گھنٹے　　　　　کُل نمبر حصہ دوم اور سوم : 80

نوٹ: حصہ دوم اور سوم صفحات 1-2 پر مشتمل ہے۔ ان سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ ایکسٹرا شیٹ (Sheet-B) طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

## حصہ دوم (کُل نمبر 48)

سوال نمبر۲۔ درج ذیل سوالات کے تین سے چار سطروں تک محدود جوابات لکھیں: (12x4=48)

(i) شخصی ترقی کے حوالے سے جان سٹوأرٹ مل کا قول قلمبند کریں۔

(ii) چوری کے بعد پرکاش کے مزاج میں کیا تبدیلی واقع ہوئی؟

(iii) زندگی کے متعلق منظور کا نظریہ کیا تھا؟

(یا)

بختو میاں گھر میں کس تنخواہ پر کام کرتے تھے؟

(iv) نظم 'بنجارانامہ' کا مرکزی خیال اپنے الفاظ میں لکھیں۔

(v) نظم 'بہارِ صبح' میں دریائے فرات کی کیا کیفیت بیان کی گئی ہے؟

(یا)

نظم 'بڑھے چلو' میں اختر شیرانی نے قوم کو کیا پیغام دیا ہے؟

(vi) مولانا ظفر علی خاں کی شاملِ نصاب 'نعت' کا مرکزی خیال لکھیے۔

(vii) میرؔ نے اپنی دیوانگی کا کیا علاج تجویز کیا؟

(viii) آسمان کیسے رنگ بدلتا ہے؟

(یا)

آتشؔ کے خیال میں زمانے کی دشمنی کے اسباب کیا ہیں؟

(ix) حسرتؔ موہانی کی شاملِ نصاب غزل کے مطلع میں 'بے دلیِ ہمرہاں' سے کیا مراد ہے؟

(x) مقطع کی تعریف کریں اور دو مثالیں دیں۔

(یا)

استعارہ کی تعریف کریں اور دو مثالیں دیں۔

(xi) **راکھ - پیوند - روگ** اور **تار** کو اپنے جملوں میں اس طرح استعمال کریں کہ ان کی تذکیر و تانیث واضح ہو جائے۔

(xii) درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تجویز کیجیے:

بعض شعراء بہ نظرِ احتیاط ہر سال اپنا قطعہ تاریخِ وفات کہہ کر رکھ لیتے ہیں تاکہ مرنے کی سند رہے اور بوقتِ ضرورت پس ماندگان کے کام آئے۔ اس سے کون واقف نہیں کہ مرزا غالبؔ نے جو مرنے کی آرزو میں مرتے تھے، متعدد بار اپنی تاریخِ رحلت کہہ کر شاگردوں اور قرض خواہوں کو خواہ مخواہ ہراساں کیا ہوگا لیکن جب قدرت نے ان کو مرنے کا ایک سنہری موقع فراہم کیا تو وہ یہ کہہ کر صاف ٹال گئے کہ وبائے عام میں مرنا ہماری کسرِ شان ہے۔

www.StudentBounty.com

## حصّہ سوم (کُل نمبر 32)

**سوال نمبر۳۔** سبق اور مُصنّف کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے: **(1+1+4=6)**

الف۔ اس کی عمر بتیس برس کے قریب تھی۔ان برسوں میں اس نے کوئی راحت نہیں دیکھی تھی جو اس وقت اسے یاد آتی اور اس کی صعوبت میں اضافہ کرتی۔اس کے ماں باپ اس کو بچپن ہی میں داغِ مفارقت دے گئے تھے۔معلوم نہیں اس کی پرورش کس خاص شخص نے کی تھی۔بس وہ ایسے ہی اِدھر اُدھر کی ٹھوکریں کھاتا اس عمر تک پہنچ گیا تھا اور ایک کارخانے میں ملازم ہو کر پچیس روپے ماہوار پر انتہا درجے کی افلاس زدہ زندگی گزار رہا تھا۔

ب۔ اس قدر تیز رفتاری بائیسکل کی طبع نازک پر گراں گزری چنانچہ اس میں یک لخت دو تبدیلیاں واقع ہوگئیں،ایک تو ہینڈل ایک طرف کو مُڑ گیا جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ میں جا تا تو سامنے تھا لیکن میرا جسم دائیں طرف کو مُڑا ہوا تھا۔ اس کے علاوہ بائیسکل کی گدی دفعتہً چھ انچ کے قریب بیٹھ گئی۔ چنانچہ جب پیڈل چلانے کے لیے میں ٹانگیں نیچے اُوپر کر رہا تھا تو میرے گھٹنے ٹھوڑی تک پہنچ جاتے تھے۔کمر دوہری ہو کر باہر نکلی ہوئی تھی۔

**سوال نمبر۴۔** کسی ایک جزو کی بحوالہ شاعر تشریح کیجیے اور نظم کا عنوان بھی لکھیں: **(1+1+5=7)**

الف۔
وہ پھولنا شفق کا وہ مینائے لاجورد
مخمل سی وہ گیاہ وہ گُل سبز و سرخ و زرد
رکھتی تھی پھونک کر قدم اپنا ہوائے سرد
یہ خوف تھا کہ دامنِ گل پر پڑے نہ گرد
دھوتا تھا دل کے داغ چمن لالہ زار کا
سردی جگر کو دیتا تھا سبزہ کچھار کا

ب۔
سب ہیں اسی کے حکم سے دن ہو کہ رات ہو
شامِ خزاں اسی کی ہے ، صبحِ بہار بھی
قُدرت سے اس کی گرمِ سفر ہیں یہ مہر و ماہ
موجِ نسیم بھی ہے ، رواں آبشار بھی
وابستہ سب ہیں نظمِ قضا و قدر کے ساتھ
لیل و نہار بھی روشِ روزگار بھی

**سوال نمبر۵۔** کوئی سے تین اشعار کی تشریح کیجیے اور ہر شعر کے شاعر کا نام بھی لکھیں: **(3+3+3=9)**

الف۔
ہر زخمِ جگر داورِ محشر سے ہمارا
انصاف طلب ہے تیری بیدادگری کا

ب۔
مر کر بھی نہ ہوں گے رائیگاں ہم
بن جائیں گے گردِ کارواں ہم

ج۔
تم ہمارے کسی طرح نہ ہوئے
ورنہ دنیا میں کیا نہیں ہوتا

د۔
آغاز کو کون پوچھتا ہے
انجام اچھا ہو آدمی کا

ہ۔
طبل و علم ہی پاس ہے اپنے نہ ملک و مال
ہم سے خلاف ہو کے کرے گا زمانہ کیا

**سوال نمبر۶۔** ایک تفریحی سفر کی روداد لکھیے۔ **(5)**

**سوال نمبر۷۔** علاقے کے ناظم کے نام محلے میں صفائی کا مناسب انتظام کرانے کے لیے درخواست لکھیے۔ **(5)**



www.StudentBounty.com